www.aiche.org/ccps

http://www.aiche.org/CCPS/Publications/Beacon/index.aspx
Messages for Manufacturing Personnel

This issue sponsored by DEKRA
http://www.dekra-process-safety.com/

ستمبر 2019

پلگ(بند) لائن اور ایکوئپمنٹ۔پریشان کن صورت حال سے کچھ زیادہ۔

CSB (کیمیکل سیفٹی بورڈ) نے ایک حادثے کی تحقیقات کی جس میں پراسیس اپ سیٹ کی وجہ سے ویسٹ سرج ٹینک کی وینٹ لائن (ملاحظہ کریں تصویر نمبر۔1)اور ریلیف ڈیوائس پلگ (بند) پائی گئی۔جب مینٹی نینس ورکر نے صفائی کے لیے آکر ویسٹ سرج ٹینک کو کھولا تو سسٹم میں بچے کھچے پریشر کی وجہ سے ٹینک کا ڈھکن (ملاحظہ کریں تصویر نمبر۔2)دھماکے سے اڑ کر جا گرااور تینوں ورکرز ہلاک ہو گئے۔

تصویر نمبرا۔بند وینٹ لائن۔

ایسا کیوں ہوا؟

مینٹی نینس ورکرز نے ٹینک کو کیوں کھولا جب وہ ابھی تک پریشرائزڈ تھا؟

پلانٹ سٹارٹ اپ کے دوران،آف سپیک (مطلوبہ کوالٹی نہ رکھنے والی) پراڈکٹ کو ویسٹ سرج ٹینک کو طرف ٹرانسفر کیا گیااور اس کے نتیجے میں گیس بھی خارج ہوئی۔وینٹ لائن کی فاؤلنگ (جزوی طور پر بند) کی وجہ سے ٹینک میں پریشر بڑھ گیا۔پریشر گیج کی لائن بھی پلگ (بند) تھی اور کچھ بھی پریشر ریڈنگ نہ دکھا رہی تھی۔

تصویر نمبر ٢۔دھماکے سے اڑنے والا ڈھکن۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

- پلگ(بند) لائن یا ایکوئپمنٹ پریشان کن صورت حال ہے اور انہیں بہ حفاظت صاف کرنا کافی مشکل ہوتا ہے۔پلگ(بند) لائن اور ایکوئپمنٹ کسی بڑے مسئلے کی نشاندہی بھی ہو سکتے ہیں۔مثلاًاہم انسٹرومنٹ یا ریلیف ڈیوائسز کا بلاک ہونا۔
- لائنوں کے پلگ (بند) ہونے کی کافی وجوہات ہو سکتی ہیں۔مثلاًہائی میلٹنگ پوائنٹ(زیادہ نقطہ ءکھولاؤ)،پراسیس سٹریم میں موجود سالڈز،زنگ لگنے کی وجہ سے بننے والے مادے۔بند ایکوئپمنٹ یا لائن کو ان۔پلگ کرنے کے لیے کھولنے سے پہلے مکمل آئسولیشن نہایت ضروری ہے جسے عام طور پر لاک آؤٹ،ٹیگ آؤٹ،ٹرائی آؤٹ(LOTO) سے جانا جاتا ہے۔
- لائنوں کی صفائی شروع کرنے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ ایک تحریری طریقہ کار موجود ہے یا لکھ لیا گیا ہے جس میں تمام سٹیپس (اقدام) درست ترتیب سے موجود ہیں۔

آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- پلگ(بند) لائن یا ایکوئپمنٹ دوسرے مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں۔مثلاًپراسیس اپ سیٹ یا زنگ لگنے کی بڑھی ہوئی رفتار وغیرہ وغیرہ۔پلگنگ(لائن یا ایکوئپمنٹ کا مکمل یا جزوی طور پر بند ہو جانا) ضرور رپورٹ کریں بھلے ابھی تک پراسیس میں معمولی مسائل ہی ظاہر ہوئے ہوں۔
- بار بار پلگ (بند) ہونے والی لائن یا ایکوئپمنٹ کی تحقیقات کر کے اصل وجہ جاننا ضروری ہے تاکہ ان کی صفائی کے دوران ہونے والے مسائل سے بچا جا سکے۔
- لائن اور ایکوئپمنٹ کی صفائی(ان۔پلگ) کرنے سے پہلے اس بات کا تفصیل سے جائزہ لے لیں کہ کام کیسے کیا جائے گا اور صفائی کے دوران اور کونسے ایسے خطرات ہیں جن کا سامنا ہو سکتا ہے۔

جب ایک ایکوئپمنٹ پلگ(بند) ہو تو یہ اس خطرے کی نشاندہی بھی ہو سکتی ہے کہ دوسرے ایکوئپمنٹ بھی پلگ(بند) ہوں۔

Translated by Zeeshan - Australia

©AIChE 2019. All rights reserved. Reproduction for non-commercial, educational purposes is encouraged. However, reproduction for any commercial purpose without express written consent of AIChE is strictly prohibited. Contact us at ccps_beacon@aiche.org or 646-495-1371.